انڈر 16سیریز:پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان دوسرے تین روزہ میچ کا دوسرا روز مکمل

- قومی انڈر 16 کرکٹ ٹیم کو بنگلہ دیش پر سبقت حاصل
- مہمان ٹیم کے اسپنرز کے ایک اننگز میں 9 شکار

لاہور،یکم نومبر 2019ء:

کے آر ایل اسٹیڈیم راولپنڈی میں جاری دوسرے تین روزہ میچ کے دوسرے روزبنگلہ دیش انڈر 16 کرکٹ ٹیم تاحال د وسری اننگز میں66 رنز کے خسارے کا شکار ہے اور اس کا ایک کھلاڑی آؤٹ ہوچکا ہے۔میچ کے دوسرے روز بنگلہ دیش کے 108 رنز کے جواب میں قومی انڈر 16 کرکٹ ٹیم پہلی اننگز میں 238 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ قومی انڈر 16 ٹیم کے مڈل آرڈر بلے باز ابرار افضل نے 47 رنز بنائے۔ مہمان ٹیم کے ا سپنرز نے 9 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

اس سے قبل میزبان ٹیم کی جانب سے عباس علی اور محمد وقاص نے 3 وکٹوں کے نقصان پر 127 رنز سے پہلی اننگز کا دوبارہ آغاز کیا تو مہمان ٹیم کے اسپنرز نے عمدہ کھیل کا مظاہرہ کیا۔ شمس السلام نے 5 اور احسن حبیب نے 4 وکٹیں حاصل کیں۔ پاکستان کی جانب سے ابرار افضل نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کیا تاہم وہ 3 رنز کی کمی سے اپنی نصف سنچری اسکور نہیں کرسکے۔

130 رنز کے خسارے سے دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی بنگلہ دیش انڈر 16 کرکٹ ٹیم نے دن کےاختتام پر 1 وکٹ کے نقصان پر 64 رنزبنالیے ہیں۔ کھیل کے آخری روز تنبیر عالم اور نعیم احمد 16،16 کے انفرادی اسکور سے دوسری اننگز کا دوبارہ آغاز کریں گے۔

جمرات کے روز آرام کے باعث میچ کے دوسرے روز کا کھیل جمعہ کو کھیلا گیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad

Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk